A military delegation led by the chief of soviet airforce has been in Amman trying to work out a deal with Jordan for an air defence system. As a small and lightly armed country Jordan is very vulnerable to Israeli air and ground attacks and with a major chunk of its territory in Israeli hands, the Jordanians have been looking for some adequate system that would provide cover from Israeli air raids. Earlier last month, King Hussein was in Washington trying to arrange a tripartite deal in which Jordan would get the $ 350 million Hawk air defence system to be paid for by Saudi Arabia.

The powerful zionist lobby in Washington shot this deal instantly on the grounds that it would endanger Israeli airflights overflying Jordanian airspace against Syria.

The Ford administration balked on the deal by raising the price tag to $ 800 million, which the Saudis rightly called excessive. King Hussein had warned that if Washington did not provide him adequate cover, he would be forced to turn elsewhere. The Russian visit may well provide the air defence system - perhaps similar to the one given to Egypt before the 1973 October War. The USSR may have lost Egypt but has pechpas just won Jordan on a quid pro quo vis-a vis the United States. The superpower game therefore continues.

Muslim Institute Cont...

Even research on Islam in these socalled 'Muslim' universities is based on the assuptions of the Orientalists.

The MUSLIM INSTITUTE - and one hopes similar institutes throughout the world - have to work very hard to reverse this process and repair the damage to the intellectual tradition of Islam.

MEMORIAL LECTURES IN BAHRAIN AND SOUTH AFRICA

Some months ago the Preparatory Committee decided to establish a series of memorial lectures in didderent parts of the world and named after some of the great Muslim scholars and statesmen of the past. These lectures will be organised and financed by FOUNDER members of the MUSLIM INSTITUTE in their respective parts of the world.

The MUSLIM INSTITUTE in London (for the moment still in Slough!), will choose the lecturers and topics according to its overall plan and priority of research. It is important that the lectures, though perhaps delivered in far flung parts of the world, should form part of a coordinated whole.

Already two such lectures have been arranged - one in Bahrain and one in South Africa. FOUNDERS in Bahrain have chosen to name their annual lectures after Ibn Sina while those in South Africa have chosen Imam Al-Ghazali. The lectures in South Africa will be held in conjunction with the Islamic Council of South Africa.

TWO RESEARCH FELLOWS

The MUSLIM INSTITUTE now has two Research Fellows.

They are Dawud G. Rosser-Owen, and Ziauddin Sardar. Both are full-time. Rosser-Owen is a political scientist specialising in the politics of South-East Asia. But, since his conversion to Islam in 1964 he has learned Arabic and has read widely. Sardar is a young physicist and information scientist.

The success of the MUSLIM INSTITUTE project may well depend on whether YOU become a FOUNDER or not and, if you are already a FOUNDER, whether you can persuade your friends to become FOUNDERS.

We, the FOUNDERS and workers, of the MUSLIM INSTITUTE hope and pray that Allah will in His infinite Mercy, on the Day of Judgement, count us among those who are defined in the following passage of the Quran:

Let there arise out of you
A band of people
Inviting to all that is good
Enjoining what is right
And forbidding what is wrong.
They are the ones
To attain felicity.

Al-Quran 3:104 (Translation A Yusuf Ali)

Such, indeed, is the invitation and the promise of Allah [illegible]

For further information write:
1. Preparatory Committee
2. The MUSLIM INSTITUTE
P.O. Box 296
Station H
Toronto, Ontario M4C 1H0

ISLAM AND PAKISTAN

By Azam [illegible]
[illegible]

Pakistan was created with the promise that it shall be an Islamic State, governed by Islamic laws and justice More than a quarter century after independence, the 'Brown Sahibs' who inherited Pakistan from the British are still awaiting a 'modern' version of Islamic laws before they would apply them to the country.

One needs to examine this attitude carefully; first of all let us state the fundamental principles of Islam

1:
Belief in one Almighty God, and His revealed Book and the finality of Prophet Mohammad (peace be upon him).
2:
Salat,
3:
Fasting,
4:
Zakat and
5:
Hajj when possible.

Therefore, anyone who seeks a re-interpretation or a 'modern' version of these laws falls outside the pale of Islam.

PRINCIPLES OF ISLAMIC LAW

The Islamic law is based on the Universal Belief of justice, sanctity of human life and an organized society. Islam also believes in exemplary punishment for those crimes which are perceived as most harmful to the well-being of the society in general and the individual in particular. Murder, theft, robbery and illicit sexual acts are considered the most severe crimes.

Laws of a society reflect the importance of its institutions which require protection and sustenance. In Islam, family and property are two important institutions and any act which may jeopardise or disrupt the function of these institutions are considered harmful for the stability of the social order and hence severly punished. Similarly human life is given full protection and murder is punishable by death.

In an Islamic social order, everyone capable of work is expected to work, the weak, sick and infirm are catered for by the state; also the young men of society are provided an opportunity to marry early. With these provisions fulfilled, the severe punishment for murder, theft, robbery or illicit sexual acts stands most justified.

The 'Brown Sahibs' in search of modern ideas in Pakistan had better answer whether in their quest for an advanced liberal society they want us to accept the standards of the western civilization. The collapse of the family structure, the tremendous growth in crime rate and the ensuing social and cultural chaos that has engulfed these societies should be well known to anyone living here. These Pakistani modernists who preach the adoption and implementation of western institutions are no more than hired slaves of western philosophy and they do great harm to Islam and Pakistan when they talk about the re-interpretation of Islam

ECONOMIC PRINCIPLE OF ISLAM

The economic principles of Islam are based on social and economic justice. Honest trade and business and a 'Usury free' financial system are preached by Islam. It believes in private property with strict laws of inheritance to prevent accumulation of wealth in a few hands. The spirit of Islamic economy is 'egalitarianism,' and it prohibits the following sternly: the use of 'interest' in all monetary transactions, hoarding of goods, certain practices of future buying of sown crops and practices which encourage individual gain at the social cost of the community. But Islam preaches free trade, enterpreneurship and free commerce. In contrast to the prohibitions in Islam, the western capitalist economic system thrives on the rules of profit maximisation by all conceivable means, including the economic exploitation of the weak. The ill-effects of such a system which permits interest in finance and where stock market manipulation, hoarding and profiteering etc. are considered normal ethics, contribute to the general instability of the capitalist system. But the 'Brown Sahibs' in Pakistan (as elsewhere in the Muslim world) are determined to t transplant this systemonto their people.

In Islam money is a mere tool to facilitate tedious barter process; money used for business transaction is not burdened by interest but an investor shares the risks as well as benefits from all business investments. Modern banking, as an institution of high finance can be organized on the principles of 'SHIRKAT' and 'MUZARBAT' and the curse of 'USURY' can be abolished which is the backbone of the present system of banking.

The 'Brown Sahibs' of Pakistan are also trying to substitute the feudal-capital comprador order in Pakistan with a one-party socialist system accountable to no one. As advisors, administrators and party chairmen, they want to get fat on the system while the innocent, suffering masses of Pakistan wait for the 'jam tomorrow'.

PAKISTAN AN ISLAMIX

PAKISTAN AN ISLAMIC STATE?

Can a state become Islamic simply by naming itself so and calling its Capital Islamabad?It is clear that - in a society where ruthless suppression, terror, disregard for human life and distortions of the worst kind are practised cannot be called an Islamic State But the present situation in Pakistan can be traced back through the history of the sub-continent to the Aligarh movement which entered into a historical compromise in the best material interests of the Muslim elite. The sick mentality of those barons and landlords lies exposed in their own words from the welcoming address of the founders of the 'Anglo-Mohammaden College in Aligarh', "...... The college, of which you are about to lay the foundation stone differs in many important respects from all the other educational institutions this country has seen..... The British rule in India is the MOST WONDERFUL phenomenon the world has ever seen........ ....but that they......... should make it the first principle of their government to advance the happiness of the millions of a subject race by establishing peace, by spreading education, by administering justice, by introducing the comfort of life which modern civilization has bestowed upon mankind, it to us the manifestation of the hand of Providence .... To make these facts clear to the minds of our countrymen, to educate them, so that they may be able to appreciate these blessings; to dispel those ILLUSORY TRADITIONS of the past which have HINDERED OUR PROGRASS.......... to make the mussalmans of India WORTHY and USEFUL subjects of the British crown .... these are the objects which the founders of the college have prominently in view...

The products of this college served the interests of western civilization in general and British in particular - admirably. For these 'westernized' elite this British way of life reflected the ultimate in perfection. 'Westernism' can be described as that arrogant state of human mind which considers man to be central in the affairs of the Universe and the basic premise of western civilzation rests on the philosophy that man, through scientific knowledge and use of technology can solve all the problems of mankind.

Islam on the other hand asks mankind to submit to the Divine Will as manifested through the Quran and the teachings of Prophet Mohammad (peace be upon him).

PRACTICAL APPROACH

While the theoretical arguments for any system may run endlessly and while its basic philosophys may be very sound, the only meaningful action results when such a system is operational. For this to be possible, the present educational system in Pakistan - as well as the rest of the Muslim world- will have to be purged along with their sylabii. Infact a total dismantling of the existing edifice would appear to be the only route to follow.

The new educational system would not attempt to 'Islamicize' any existing methods but establish the teaching of basic Islamic principles.

On the economic front, concrete steps should be taken towards abolishing interest, refusing all aid from aborad and banning the inport of many luxury items which cater for a tiny minority at present. Cutting foreign aid would perhaps cause the greatest dislocation but this will be for the parasitical class only and is not likely to last too long. Self-reliance must be the central aim of this policy

The strict enforcement of inheritance laws can only be effective if the ownership of land or any other property is determined to have been through fair and legal means. Property acquired as services to the British could not be considered legal.

In the legal profession Islamic jurisprudence and shariah should be instituted so that every one gets a fair deal from the judiciary rather than the present system of different lwas for rich and poor, rulers and ruled.

Only then can we begin to hope that Pakistan can become the land that was promised in 1947 by the Qaid-i-Asam and to which the Muslims rallied in such [illegible] helming [illegible]

O

COWDUNG FERTILIZER PLANT OPENS

KARACHI

A plant designed by Chinese scientists to produce the optimum quality and quantity of organic fertilizer went into operation here April 21.

The first of its kind, the plant can be made available to farmers for about Rs. 6,000, the cheapest price in the world

A herd of four to five cattle is sufficient to supply the plant [illegible] cowdung

ISLAMABAD

Prime Minister Zulifikar Ali Bhutto has accepted an invitation of Afghan President Mohammad Daud to pay an official visit to Afghanistan

PAKISTANIS ABROAD SEEK REPRESENTATION

From page 1

the very serious problem of 'brain-drain' from the Third World which has vexed the minds of our planners, politicians and legislators at home?

Pakistanis abroad have sent very substantial sums of money but it is unfair to assert that this has been guided simply by our love and patriotism for the country. Most overseas Pakistanis have relatives who are directly dependent on these remittances from abroad and any help that Pakistan gets is a by-product of this phenomenon. Admittedly stopping this inflow would seriously affect Pakistan's economy. It would be interesting to see whether second or third generation Pakistanis will continue the practice of remittances 'back home'.

Coming back to the issue of representation, one is forced to ask whether the elected representatives within Pakistan can or are able to protect the interests of their constituents? Why and how would people going from abroad make much difference?The issue of belonging to political parties is also a serious matter, for, already it has created serious divisions between Pakistani communities in various parts of the world. The matter of representation is likely to accentuate the problem.

But all said and done, the concerns expressed by the author are worthy of serious consideration. Perhaps it may be more realistic to consolidate the opinions and enxieties of overseas Pakistanis and make an effective lobby here. Seeking help from our missions aborad may prove largely negative for they are simply there to safeguard their own positions and interests.

The causes of difficulties faced by overseas Pakistanis must be looked at more carefully: such problems are encountered by all irrespective of their location within or without. It is only people with 'connections', whether they belong to the ruling party or the opposition, who are the real beneficieries of such a system. We must now seriously look at the prevelant system and question whether it is supposed to serve the people or a special class in Pakistan. And if it runs counter to the interests of the vast majority then we should find the alternatives. Perhaps efforts along these lines may prove more fruitful.


However, those who wish to know more about this movement should contact:

PROTECT OUR RIGHTS MOVEMENT
141 East 44th Street
Suite 505
New York, N.Y. 10017
(Phone: (212) 687 - 1110)

فلم

وطن واپس آکر محمّد علی کی فلموں کی تعداد ۵۰ تک پہنچ گئی!!


چار پانچ فنکاروں کی بے پناہ مصروفیت اور بے اندازہ معاوضہ



سنتوش کمار ... کی دونامی ... اداکاری ... [illegible]

ایک اطلاع کے مطابق محمد علی جب بیرون ملک گئے تھے تب ان کی زیر تکمیل فلموں کی تعداد پچاس کے لگ بھگ تھی وطن واپس آنے پر مزید تقریباً ۲۰ فلموں میں کاسٹ کر لیا گیا اسطرح انہوں نے زیر تکمیل فلموں کے لحاظ سے عالمی ریکارڈ قائم کر دیا ہے سال بھر کی ایک سو سے زائد فلموں کے لیے ۴/۵ فنکاروں کی بے پناہ مصروفیت نے ایک نئے دھندے کا آغاز کر دیا ہے۔ ان پر بے اندازہ بے پناہ مصروفیت کا پہلو ... [illegible]

Your guide to Mosquito Control.



مچھروں کی افزائش نسل کو کیسے روکا جائے

مچھر عموماً ٹھہرے ہوئے پانی میں پلتے ہیں۔ اس لیے ان سے چھٹکارہ پانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ پانی کی ایسی عام جگہوں کو ختم کر دیا جائے جہاں ان کی افزائش نسل ہو سکتی ہے۔ اس کے لیے آپ اس طرح کوشش کر سکتے ہیں:

- اپنے گھر کے اطراف کے پانی ٹھہرنے والے تمام مقامات کو ختم کریں۔
- گڑھوں کو مٹی وغیرہ سے بھر دیں تاکہ پانی جمع نہ ہونے پائے۔
- یہ خیال رکھیں کہ گندے پانی کی نالیوں میں کچرا وغیرہ نہ پھنسنے پائے۔
- گھر کی جن چھتوں کی سطح ہموار ہو ان کی پانی کی نالیوں کے راستے کو صاف رکھیں۔
- باہر پڑے ہوئے پرانے ٹائر اور بے کار ٹبوں کو پھینک دیں اور کشتی وغیرہ اوندھا کر رکھیں۔
- چشموں، ویڈنگ پول اور چڑیوں کے نہانے کے پانی کو بار بار بدلتے رہیں۔
- اپنے سوئمنگ پول کو کلورین اور فلٹر کے ذریعے صاف رکھیں۔

کیڑوں کو مارنے والی دوائیں استعمال کرنے میں احتیاط برتی جائے اور ان پر لکھی ہوئی ہدایات پر عمل کیا جائے۔

مچھروں کے کاٹنے سے کیسے بچا جائے؟

مچھر شام کے وقت اور درختوں والے علاقے میں زیادہ نکل آتے ہیں۔ مچھروں سے اپنے آپ کو بچانے کا عام طریقہ یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو ان سے دور رہا جائے۔

- اسکرین کے سوراخوں کو بند کیا جائے۔ اور انہیں ٹھیک طرح سے فٹ کیا جائے۔
- اپنے لان کی گھاس اور بے کار جھاڑی بوٹیوں کو مار کاٹتے رہیں اور جھاڑیوں کو تراشا کریں جو کہ دھوپ اور ہوا میں بڑے مچھروں کی پناہ گاہ بنی ہوتی ہیں۔
- چھوٹے بچوں کو مچھروں سے بچانے کے لیے جالیاں اور مچھر دان استعمال کریں۔
- آتش دان اگر استعمال میں نہ ہو تو اس کا DAMPER بند رکھیں۔
- جہاں مچھر پائے جاتے ہوں اس جگہ لمبی آستینوں والا محفوظ لباس استعمال کریں۔
- گہرے رنگوں کی بہ نسبت ہلکے رنگ کے لباس مچھروں کو کم کشش کرتے ہیں۔

کیڑوں اور مچھروں کو مارنے کی مؤثر دوائیں ملتی ہیں۔ لیکن ہمیشہ ان کا لیبل پڑھنا اور لکھی ہوئی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔

پچھلے سال ایک خاص قسم کی بیماری ENCEPHALITIS ایک مخصوص نوعیت کے مچھروں کی وجہ سے پہلی بار انٹاریو میں پھیلی تھی۔ اس کے کوئی سترہ مریضوں کا پتہ چلا جن میں سے اکثر لوگ جنوب مغربی انٹاریو کے تھے۔

اس بیماری کو دوبارہ پھیلنے سے روکنے کے لیے مدافعت نہ ضروری ہے۔ مچھروں کی روک تھام کرنے کے لیے کئی پروگرام زیر عمل ہیں۔

- اس موسم گرما میں اگر مچھروں کا کاٹا کھانا درد، ایک ناگوار تکلیف ہی ہوگی۔ پھر بھی اگر ENCEPHALITIS کی علامات جیسے تیز بخار، سر درد، متلی اور غنودگی ہو تو اپنے فیملی ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

آپ مچھروں کی روک تھام کے بارے میں مفت کتابچہ اپنے لوکل ہیلتھ یونٹ یا منسٹری آف ENVIRONMENT کے کسی دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔

Hon. George A. Kerr, Q.C.
Minister of the Environment

Hon. Frank S. Miller,
Minister of Health

William Davis
Premier

Province of Ontario

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک ... اور خوبصورت ... کی ... لڑکی کے لیے ... [illegible]

SULTAN
C/O CRESCENT

•

کینیڈا میں امیگرنٹ اور اچھی طرح SETTLED سے لڑکے کے لیے پاکستانی مسلمان لڑکی عمر ۲۵ ۲۷ سال کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیے لکھیے:

KHAN
P.O. BOX 296, STN. 'H'
TORONTO, ONT.

•

اکاؤنٹنگ اور ٹیکسیشن

آپ کے کاروبار کی بک کیپنگ، ذاتی ٹیکسیشن اور اکاؤنٹس کے دیگر معاملات میں مشورہ حاصل کرنے کیلئے فون کیجئے:
پرویز نسیم: (416) 226-6777

سکھوں کی بین الاقوامی جماعت کا احتجاجی جلسہ

ٹورانٹو میں ۲۹ اور ۳۰ مئی کو نارتھ یارک کے ایک کالج میں سکھوں کی بین الاقوامی کونسل کا جلسہ ہوگا جس میں انگلینڈ امریکہ و کینیڈا کے مشہور سکھ لیڈر حصہ لیں گے۔ کونسل کے چیئرمین مشہور اکالی لیڈر ڈاکٹر جگجیت سنگھ ہیں۔

اذکار و افکار

ہماری ڈاک

قارئین کرسینٹ "!

آزادیٔ اظہار ایک نعمت ہے لیکن دل آزاری قابلِ مذمت فعل ہے۔ کیا جاتا ہے کہ ہم ایک آزاد فضاء میں سانس لے رہے ہیں۔ ہر شخص کو آزادی ہے اپنا مقدر آپ بنانے کی، ترقی کرنے کی، پھلنے پھولنے کی، چنانچہ نہ روایتوں کی بندش ہے نہ رسم و رواج کی پرواہ ہے۔ جو آپ کا دل چاہے وہی طرز آپ کی آزادیٔ طبع کا نشان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالی مقام باپ دادا کا نام آپ کو خواہ مخواہ نہ کوئی کام کرنے سے روکتا ہے اور نہ ہی اِرد گرد کا ماحول آپ کو ڈراتا ہے۔ یہ سب آزادی کی نعمتیں ہیں۔ بچے کو آزادی ہے کہ اپنے ماں باپ سے اپنے حقوق کا مطالبہ کرے اور بڑوں کو آزادی ہے کہ وہ آزادی تقسیم کریں۔

اس کے علاوہ چند لوگوں کو زہر گھولنے کی بھی آزادی ہے!!

میں آپ سے یہ پوچھنے کی جسارت کر رہا ہوں کہ اگر معصوم بچوں کے ذہنوں میں آپ کے اکابر، بزرگ اور انسانیت کے سب سے بڑے محسن کے متعلق غیر شایانِ شان الفاظ سے شخصیت کا خاکہ مرتب کیا جائے تو آپ کیا کریں گے؟

مدرسوں میں بچے علم حاصل کرنے جاتے ہیں۔ "علم ذہن کو جلا بخشتا ہے" ایک دوسرے کا احترام کرنا سکھاتا ہے علاوہ اور تہذیب و آداب سے آشنا کرتا ہے۔ اگر کسی مذہب کے متعلق جھوٹی اور بے ہودہ باتیں معصوم بچوں کو سکھا پڑھا کر شروع ہی سے ان کے ذہنوں میں نفرت کا بیج بوتا ہے۔

آپ اس بات سے تو آگاہ ہوں گے کہ یہاں مدرسوں میں آپ کے بچوں کو باقاعدہ پڑھائی جانے والی کتابوں میں حضور اکرم اور اسلام کے متعلق بعض ایسی باتیں لکھی ہیں جس سے تمام مسلمانوں کی خواہ وہ کسی مکتبِ فکر سے تعلق رکھتے ہوں دل آزاری ہوتی ہے۔

یہ مسئلہ صرف مسجد یا مولویوں کی توجہ کا نہیں بلکہ ان تمام لوگوں کا ہے جو آنحضرت سے اپنی وفا کا رشتہ جوڑتے ہیں!

محمد جاوید اکبر
پروڈیوسر "منزل بہ منزل"
میکلین ہنٹر کیبل۔ ٹورانٹو

نوٹ: اِس شمارے کے صفحہ ۱۲ پر ایڈیٹوریل ملاحظہ فرمائیے ———— (ادارہ)

غزل

ناکام سی کوشش شبنم کی کالک کو رات کی دھونے کی
ہم دور ہوئے تم سے لیکن بے چینی دل کم ہونے کی

یادوں کے دیئے جلتے ہی رہے وقت کی ٹھنڈی آندھی میں
اک بار ملے، دو بار ملے، پھر مل نہ سکے ہم راہوں میں

امید وصالِ جاناں میں موہوم سی سکی باقی ہے
ٹھنڈی وہ ادھر کر آنکھیں کچھ جلنا بھی تو باقی ہے

دل چاہتا ہے اک بار ظفر وہ پھر سے ہم کو مل جائیں
اک ٹھنڈی ٹھنڈی صبح ہو جب چاند ستارے چھپ جائیں

مسعود خان ظفر (ٹورانٹو)

چٹکیاں

(طنز و مزاح)

با ادب، با ملاحظہ ہوشیار!
کڑوم دھڑوم! کڑوم دھڑوم!
لوگو! ہم آگئے! ارے! اب یہ کیا؟ کوڑے کیوں ہو گئے؟ چھوڑو ان رسومات کو۔ مارو گولی ان پرانی پھونس عادتوں کو۔ ہم عوامی خادم ہیں، عوام کے لیے ڈھیچے اور صرف اسی کے پیٹ کھاتے اور پیتے (جو بت بیا!) ہیں۔ اب اگر اس تحریر کو پڑھ کر تم میں سے چند مسکرا دیے تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ بات بالکل نہ سمجھے۔ بھئی کوئی کھیل کھیا ہے عوام کا خادم بننا! ہنسی مذاق تو نہیں! اب ائر کنڈیشنڈ امپورٹڈ ایکسپورٹ کو لے لو۔ کیسی اونچی پوزیشن! ارتی بیچارے کی تنخواہ۔ فضلِ ربی باب ہیر تو اللہ کی دین ہے۔ جس کو جتنا چاہا دے دیا۔ مرضی ہی تو ہے اُس کی۔ رب فضلِ ربی کی برکت سے ڈائریکٹر کے پاس بڑی سی کوٹھی ہے، کار ہے، ٹی وی ہے اور چار پانچ نوکر! جب کبھی یہ پیدل چلتا ہے تو زمین لرزنے لگتی ہے۔ اب اتنی بڑی ہستی کو جب دو ٹکے کے انسان کو خط لکھنا پڑتا ہے تو YOUR OBEDIENT SERVANT لکھنے کے لیے جتنی ذہنی قربانی دینی پڑتی ہے، اس کے سمجھنے والے مشکل سے ملیں گے۔ پیچھے تمہارے کرم کے پڑے رہتے ہیں اپنے سفارت خانوں کے افسروں کے! ارے مسلمانو! کچھ تو عقل کے ناخن نکالو! یہ افسران بیچارے، ان سفارت خانوں میں عوام کی بھلائی کے لیے جن مشکلات سے دو چار رہتے ہیں، اس پر کبھی تو کبھی نظر دوڑا لیا کرو۔

اب مثال کے طور پر ٹورانٹو کے سفارت خانوں کے افسران کو لے لو۔ چلو یہاں تو کسی نہ کسی طرح چھپانے کے لیے مل گیا۔ مگر دل کھول کر جہاں مرضی آئے آنکھ ٹھوک کے بیک نہ مار سکے۔ مانا کہ دل کھول کر جینے کو ملتی ہے۔ مگر تم سرور کا سارا مزہ کرکرا کر دیتے ہو میلاد شریف میں سفیر کو مدعو کر کے۔ اب لیجئے میں اس کام کے لیے شرکت کرنے کی مشکلات کو اپنی تھوڑی عقل سے تم سمجھنے سے رہے!

اب بچارے کونسلر۔۔۔ کو لے لو۔ ان غریب نے نمک حلالی کا ثبوت دیتے ہوئے اس اخبار کے ایڈیٹر کو عوامی لیڈر کی حمایت میں چند خط لکھے۔ اور ایڈیٹر نے ان شریف زادے کے خلاف چھپن چھپ چھاپ دی۔ اس غریب کو ننگا کر کے رکھ دیا۔ کتنی ناانصافی کرتے ہوئے اس کو لکھ دیا کہ آقا کی چمچہ گیری کرتا ہے۔ پاکستان پر کوئی غیر جانبدار یا نا جائز اعتراض کرے، تو ہر پاکستانی کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔ ہم لوگ بد سے زکات ادا کر او سرافتہ کا جواب دیتے ہیں۔ اسی طرح اگر ہمارے خاندان پر کوئی انگلی دکھائے تو ہم میں سے ہر شخص کیا کرتا ہے؟ ہم جناب آگ بگولہ ہو جاتے ہیں اور اپنے خاندان کے خلاف ایک حرف برداشت کرنے کو تیار نہیں ہوتے۔ چاہے بڑے بھائی تو کوئی کچھ کہے برا۔ اب اسی طرح ۔۔۔ صاحب نے ہمارے ملک کے وزیرِ اعظم اور سب سے بڑے عوامی لیڈر پر اعتراض کرنے والے کو تاکیدی خط لکھ دیا تو کیا غلط کیا؟ اب وہ رزق کدھر سے پاتے ہیں، تو یہ دوسرا مسئلہ ہوا۔ میں نے ۔۔۔ صاحب کے کرسینٹ میں چھپنے والے خطوط کو بڑی توجہ سے پڑھا ہے۔ ان کے الفاظ میں جو جذبہ اور جو تڑپ موجود ہے۔ اس بات کی گواہی ہے کہ یہ اپنے آقا اور اپنے رزق کی خاطر نہیں لکھے۔ اگر ان کے ہاتھ میں قرآن مجید رکھ دیا جائے اور پھر پوچھا جائے "کرسینٹ میں خط رزق کو بچانے کی خاطر لکھے تھے یا صدقِ دل سے عوامی لیڈر پر ایمان ہے؟" بعض کلام مجید پر قسم کھا کر یہ اعلیٰ افسر اگر عوامی لیڈر پر صدقِ دل سے ایمان کا اظہار نہ کرے، تب پھر تمہیں ان کے خلاف بلا کلا مچانے کا پورا حق ہو گا۔ ہم خود عوامی لیڈر کے عاشقان میں سے ہیں۔ اس لیے ہم ایسے افسران کی ذہنیت سمجھتے ہیں۔ ہم عاشقانِ عوام کو نہ تو پیسے کی محبت ہے، نہ رتبے کی فکر، نہ دین کی اور نہ دنیا کی۔ ہمارا دین اور ہماری دنیا، عوام کا معیارِ زندگی بلند کرنے کی تڑپ ہے۔

ہمیں اس بات کا اعلان کرتے ذرا بھی شرم نہیں آتی۔ آئے تو بھوت! کوئی تمہاری چوری کی ہے؟

ہمیں خوشی ہے اور فخر بھی کہ ہمارے سفارت خانے میں ابھی کچھ کام کے لوگ باقی ہیں۔ ہمیں ان کی حمایت میں کھل کر سامنے آ جانا چاہیے۔ لوگو! ہم تمہیں دعوت دیتے ہیں کہ اس پاکستانی سپوت کی کارکردگی، جرأت، عزم، خبرداری اور نمک حلالی کے حق میں خطوں کی بوچھاڑ کر دو تاکہ ہم فخر سے اس اخبار کے ایڈیٹر کو دکھا کر ان کی بولتی بند کر سکیں! پاکستان۔ پائندہ باد ۔۔۔ عوامی لیڈر۔ جیئے مسکوان کی!

▲▲


وطنِ عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔
مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہِ راست پاکستان بھجوائیے
خوابوں کی تعبیر ۔ خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International
Unique Trade & Commerce
3240 Bloor St.,W.,Suite #5A
Toronto, Ont. CANADA M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 459-0820

[illegible]

ولی دکنی

طاقت نہیں کسی کو جو اک حرف سن سکے ۔۔۔ احوال کر کہوں میں اس دل بے قرار کا
ترک کرائے رقیب بالفعل ۔۔۔ آہ! میری بخت سے ہو گئی ہے

اُردو زبان کے محسن ولی محمد المتخلص بہ ولی ۱۰۶۸ھ میں بمقام اورنگ آباد دکن پیدا ہوئے اور ۱۱۵۵ھ میں احمد آباد (گجرات) میں وفات پائی۔ بیس برس کے سن میں تحصیلِ علم کے لئے گجرات گئے جو اس زمانے میں علوم و فنون کا مرکز تھا۔ اور شاہ وجیہ الدین علوی کے مدرسہ میں تعلیم پائی وہیں شاہ نورالدین صدیقی کے ہاتھ پر بیعت کی۔ سیر و سیاحت کے سلسلے میں دو مرتبہ دلی آئے پہلی بار اورنگ زیب عالمگیر کے آخری عہد ۱۱۱۲ھ میں اور دوسری مرتبہ محمد شاہ کے دورِ سلطنت ۱۱۲۵ھ میں۔ پہلی بار شاہ سعداللہ گلشن دہلی کے مشہور شاعر و درویش کی خدمت میں حاضر ہوئے جن کے فارسی کلیات میں ہزاروں کے قریب شعر تھے انھوں نے ولی کو مشورہ دیا کہ ریختہ میں فارسی کے مضامین زیادہ استعمال کریں جب دوسری مرتبہ دلی آئے تو اپنا دیوان ساتھ لائے چونکہ شاہ گلشن کے مشورے سے پورا استفادہ کر چکے تھے ان کا کلام دلی میں مقبول ہوا۔ ولی کے اُردو شعراء کے کلام میں فارسیت غالب تھی لیکن ولی نے فارسی کے ساتھ بھاشا الفاظ کو اپنے کلام میں سمو کر ایک نئے دور کی داغ بیل ڈالی۔ انھوں نے ہر صنفِ سخن اور مختلف زمینوں اور بحروں میں داد سخن دی ہے لیکن ان کے کلام میں تغزل کا رنگ غالب ہے۔ ان کا دور اُردو زبان کا ایک عبوری دور ہے۔ اہلِ دکن اور اہلِ شمال کے میل جول سے نئی نئی ترکیبیں اور نئے نئے الفاظ زبان میں داخل ہونے لگے۔ ولی نے اس دور کی زبان کو اپنے کلام میں محفوظ کر کے ایک تاریخی فرض انجام دیا۔ الفاظ کی موزونی، ان کا برمحل استعمال، اچھوتے استعارے اور تشبیہیں، جاذبِ نظر ترکیبیں اور رعایاتِ لفظی کلامِ ولی کی جان ہیں۔

جامِ نو



غزل

آج ہیں خاص و عام سے پہلے
تھے جو بے ننگ و نام سے پہلے
روزِ روشن میں راہ کھو بیٹھا
رات آئی ہے شام سے پہلے
تھا قبولِ سخن کا وہ ہنگام
چپ لگی جب کلام سے پہلے
وہ تری محفلیں ہیں یاد اب تک
دعوتِ خاص و عام سے پہلے
ہائے وہ دل کسی مسافر کا
بجھ جائے جو شام سے پہلے
العطش العطش ارے توبہ
جام کے بعد، جام سے پہلے
ہاں مرے ہمرہان تیز قدم
رہبرِ سست گام سے پہلے
رقم ہے کتاب ہستی پر
تیرا گر میرے نام سے پہلے
کتنا بے کیف یا ترنم تھا
غم نے کیف دوام سے پہلے




CLOSE
FORWA
VIRTUOS
MIXING
LEVEL
FREQUENCY
SURFACE


▲▲



بہنوں کی محفل

انسانوں نے بھگا دیا تو جانوروں نے اپنا لیا

از:۔ جواہر جونوود (ہماں)



وہ افریقہ کے جنگلات میں بندروں کے ساتھ رہ رہا تھا اور جب انسانوں نے پکڑا تو اس کے بندر ساتھی شور و غوغا مچاتے درختوں پر چڑھ گئے اور اپنی سخت ناراضگی کا اظہار کرنے لگے۔ ایک کم سن بچہ جنگل میں بندروں کے ساتھ رہتا ہوا دیکھا گیا۔ یہ بچہ بڑے ہی مضبوط جسم کا تھا اور اس کے جسم پر نرم بال تھے وہ بندر کی طرح اچھل کود کرتا تھا اور چاروں ہاتھوں اور پاؤں پر ادھر سے ادھر چلتا تھا بندروں کی ہی طرح چیختا چلاتا تھا۔ اس لڑکے کی عمر ۸ سال کے قریب ہو گئی ہے اسے اب مہذب بنانے کی انتہائی کوشش کی جا رہی ہے لیکن کوئی ڈیڑھ سال کی تربیت کے بعد بھی وہ انسانوں کے بجائے بندروں سے زیادہ مشابہت رکھتا ہے وہ انسانوں کی طرح بات چیت نہیں کر سکتا اس لئے کوئی سوالات مت پوچھے جا سکتے ہیں۔

وہ کتنے عرصے سے بندروں کی رفاقت میں رہ رہا تھا۔ آخر کیا جانوروں نے اسے کس طرح اپنے ساتھ رکھ لیا۔ اس کے والدین کا کیا بنا اور وہ جنگل میں کیا لیے ہوئے تھا جنگل میں تو بڑی عمر کے انسانوں کو بھی جانور نہیں دیتے اور وہ زندہ باہر نہیں نکل پاتے تو یہ بچہ کس طرح زندہ باہر نکل آیا۔


اب اس لڑکے کو ایک چرچ میں پادری کی زیر سرپرستی رکھا ہوا ہے۔ پادری کا کہنا ہے کہ جب اس لڑکے کو کپڑے پہنائے گئے تو کچھ عرصہ بعد اس کے جسم سے بال جاتے رہے اس لڑکے کو ۸ جون ۱۹۷۴ کو حکومت کی طرف سے وحشیوں کی جان و مال کی حفاظت کے لئے گشت کرنے والی پولیس نے ایک جنگل میں دیکھا تھا۔ اس علاقہ میں مختلف قبائل کے لوگ رہتے تھے ان کے نام تھے توتسی اور ہوتو۔ وحشی قبیلہ

ڈیڑھ سال گزر جانے کے باوجود وہ بندروں کی سی حرکتیں کرتا ہے

حکمران تھا۔ حکومت کا نشہ دوسرے نشوں کی طرح جان نہیں چھوڑتا۔ کسی نے کہا ہے کہیں کہ وہ نشہ کرنا چھوڑ دے تو وہ آپ کو ایسی نظروں سے دیکھے گا جیسے آپ پاگل ہو گئے ہوں۔ اسی طرح حکمران طبقہ ہر دور میں اپنے تسلط کو یقینی بنانے یا اپنے مخالفین کو ختم کرنے کے لئے ہر طریقہ اختیار کرتا رہا ہے۔ توتسی قبیلہ کسی سے پیچھے نہ تھا چنانچہ اس نے ہوتو قبیلہ کے ایک لاکھ افراد کو ۱۹۷۲ء تک ختم کر دیا۔ اب یہ بچہ کس طرح جنگل میں پہنچا کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ اس کے والدین مارے گئے ہوں اور وہ ڈر کے مارے جنگل کو بھاگ نکلا ہو اور وہاں پر بندروں نے اسے اپنا بچہ بنا لیا ہو۔

جب سے وہ اس تہذیب میں واپس آیا تو وہ بالکل جانوروں کی طرح تھا۔ کھانا چبا نہیں سکتا تھا۔ چاروں پنجوں پر چلتا تھا اور بندروں کی طرح شور مچاتا تھا۔ دوسرے ہم عمر بچوں سے خائف تھا۔ صرف زمین پر سوتا تھا اور بستر والے سے پرے بھاگتا تھا جب اسے کپڑے پہنائے گئے تو اس نے انہیں کئی بار پھاڑ دیا۔ اس کے ہاتھوں کی جلد عجیب طرح کی ہے صرف پھل کھاتا ہے اور دودھ پیتا ہے پہلے پہل ہسپتال میں وہ ایک سوئس ڈاکٹر کے زیر نگرانی رہا اور علاج کا اس پر کچھ مفید اثر ہوا اسے دو پاؤں پر چلنا سکھایا گیا جب امریکہ کے ایک ہفتہ وار اخبار "نیشنل انکوائرر" کے رپورٹر نے اس بچہ کی حرکات کا مطالعہ کیا اور کہا کہ یہ لڑکا اس طرح ہے جس طرح چڑیا گھر میں بند ہو۔ بہرحال یہ بچہ آہستہ آہستہ دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنا سیکھ رہا ہے ہسپتال کی نرس کو لڑکے کی حالت دیکھ کر ترس آیا اور اس نے کہا کہ شاید یہ بہتر ہو کہ اسے بندروں کے ساتھ دوبارہ چھوڑ دیا جائے جہاں کوئی اس کا کہنا ہے کہ شاید یہ لڑکا کبھی بات چیت کرنا نہ سیکھ سکے اور سمول کے مطابق انسان نہ بن سکے لیکن کو نہ پہچان انسان سے کر

عام انسان کس وادی میں ملتا ہے اور یہ کہ انسان جانوروں کے ساتھ رہا تھا کیا بندر انسانوں کے ساتھ بھی گزارہ کر سکتے ہیں کیا فرق پڑتا ہے۔



بچے کو دونوں ٹانگوں پر چلنے کا طریقہ سکھایا جا رہا ہے!

مزے دار اور آزمودہ پکوان

کشمیری سالن

- ۵۰۰ گرام گوشت
- ۲۵۰ گرام آلو
- ۲۵۰ گرام دہی
- ۵ جوے لہسن کے
- ۵ عدد لونگیں
- ۳ عدد ثابت لال مرچ
- ۵ عدد کالی مرچ
- ایک انچ کا ٹکڑا دارچینی
- ایک انچ کا ٹکڑا ادرک
- ۲ عدد چھوٹی الائچی
- ایک چائے کا چمچہ زیرہ
- ۱۲۵ گرام پیاز
- آدھی پیالی گھی
- نمک حسب ذائقہ

کالی مرچ، دارچینی، زیرہ، ادرک، لہسن اور الائچی کو موٹا موٹا پیس لیں۔ آلو دھو کر چھیل کر چار چار ٹکڑے کر لیں۔ پیاز کا کچھ حصہ کاٹ لیں۔ دہی کو خوب اچھی طرح پھینٹ لیں۔ اب ایک دیگچی میں گوشت، پسا ہوا مسالہ، پیاز کا کچھ حصہ کٹے ہوئے آلو، لال مرچ اور نمک ڈال دیں اور دیگچی کو آنچ پر رکھ دیں۔ جب دہی کا پانی جل جائے تو گلنے کے اندازے کا پانی ڈال کر دیگچی کو ڈھانپ دیں اور گوشت گلنے دیں۔ جب گوشت کا پانی جذب ہو جائے تو دیگچی کو آنچ سے اتار لیں۔ اب ایک کڑھائی میں گھی اور ایک چھوٹی الائچی ڈال کر آنچ پر رکھ دیں۔ جب چھوٹی الائچی بادامی ہو جائے تو کڑھائی کا گھی دیگچی میں انڈیل دیں اور دیگچی کو دوبارہ آنچ پر رکھ دیں۔ پانچ منٹ پکا کر آنچ سے اتار لیں۔ سالن ڈش میں نکالتے وقت لال مرچیں نکال کر پھینک دیں۔

انڈے کی کھیر

- ۵ عدد انڈے
- ایک پیالی بھر چینی
- ۵۰ گرام مکھن
- ۱۰ عدد پستے
- ۵ عدد بادام
- تین بوندیں ونیلا ایسنس

انڈوں کو ایک دیگچی میں توڑ کر خوب اچھی طرح پھینٹ لیں۔ پستہ اور بادام کی ہوائیاں کاٹ لیں پھر پستہ بادام کی ہوائیاں، چینی، اور مکھن انڈوں میں شامل کر کے دیگچی کو آنچ پر رکھ دیں۔ آنچ دھیمی رکھیں اور چمچہ مسلسل چلاتی رہیں جب گاڑھا ہو جائے تو آنچ سے اتار کر ایسنس ملائیں۔ اور گرم گرم نوش فرمائیں۔

از: حمزہ اکبر قریشی (ڈھاکہ)

(قسط ۵)

مہدی حسن کی غزلوں اور گیتوں کے دو نئے ریکارڈ



مہدی حسن

غزل اور مہدی حسن کے شائقین یہ سن کر نہایت خوش ہوں گے کہ ڈسکو ریکارڈز کے لیبل پر الفا انٹرنیشنل نے حال ہی میں دو اسٹیریو ریکارڈ PICA I & PICA II تیار کئے ہیں۔ صدابندی مہدی حسن کے سابقہ دورہ کے موقع پر نیویارک میں کی گئی تھی۔

مہدی حسن کو قدرت نے نہایت سریلی آواز دی ہے جو ہمیشہ سُر میں رہتی ہے اور مشکل سے مشکل وقت میں بھی بے قابو نہیں ہوتی۔ مہدی حسن کو بے سُرا ہوتے ہوئے کبھی نہیں سنا گیا۔ انہیں اپنی آواز پر زبردست قدرت حاصل ہے اور غزل گانے میں تو انہوں نے ایسی مہارت پیدا کر لی ہے کہ اب غزل اور مہدی حسن تو من شدی اور من تو شدم ہو گئے ہیں۔ غزل چونکہ ہماری تہذیبی شائستگی کا مظہر بن گئی ہے اس لیے اس کا ذوق لیے ہی کیف زا ہوتا ہے۔ لیکن موسیقی کے ساتھ تو بس دو آتشہ بن جاتی ہے۔ ان ریکارڈوں کو سنتے وقت اگر آپ کو فضا کا مناسب سکوت اور صحیح موڈ میسر آ جائے تو آپ یقیناً محظوظ ہوں گے۔ ان میں آپ کے ذوق کی پذیرائی کا کافی سامان موجود ہے اور اگر آپ کے پاس ریکارڈ بجانے کا انتظام بھی اچھا ہے تو بالکل ایسے لگتا ہے جیسے آپ مہدی حسن کو سامنے بیٹھا سن رہے ہیں۔

ان تمام خوبیوں کے ساتھ ساتھ ایک دو باتیں برسبیل تذکرہ کہہ دینا ضروری ہوگا۔

ریکارڈوں کے حفاظتی کور پر نہایت ناقص اور بھونڈی زبان لکھی گئی ہے۔ دونوں ریکارڈوں پر مہدی حسن کا نام دیا گیا ہے لیکن مناسب شناختی نام اور ٹائیٹل نہیں دیئے گئے۔ غزلوں کے مصرعے مقید دیئے گئے ہیں لیکن شاعروں کے نام غائب ہیں۔ غزلوں کا انتخاب بھی اعلیٰ مذاق کا حامل نہیں۔ ریکارڈ نمبر ۱ میں تو خصوصاً غزلیں کچھ کمزور ہیں۔ اور گیتوں کی شمولیت بھی بھونڈی لگتی ہے ان گیتوں سے غزل کی فضا اور تاثر دونوں مجروح ہوتے ہیں۔

دوسرے ریکارڈ میں جس کے کور پر SEAGULL کی تصویر کو شامل کیا گیا ہے غالب کی دو غزلیں شامل ہیں۔ (میری دانست میں مہدی حسن نے غالب کی "دل ناداں" والی غزل میں اپنے فن کا بہترین مظاہرہ کیا ہے بلحاظ راگ بھی اور بلحاظ تاثر بھی) باقی غزلیں بس واجبی سی ہیں۔

ٹیکنیکل اعتبار سے ریکارڈنگ میں کئی نقائص رہ گئے ہیں۔ مہدی حسن کی آواز دور سے اور قدرے دبی ہوئی آتی ہے۔ ان کے لئے CLOSE MIKING کی ضرورت تھی اور آواز تھوڑی FORWARD ہونی چاہئے تھی۔ ساز صرف ۲ ہارمونیم جو نہایت بے ہنگم بجا ہے آواز سے اونچا بجتا ہے اور طبع لطیف پر گراں گزرتا ہے۔ آرکسٹرا بھی مختصر ہونے کے باوجود VIRTUOSO SINGING پر حاوی ہو گیا ہے اور ریکارڈنگ کے اکثر حصوں میں گانے والے کی آواز سے کچھ الگ الگ ہی بجتا ہے یہ MIXING کی کمزوری ہے۔ ریکارڈنگ کا LEVEL بھی دبا دبا ہے اور FREQUENCY RESPONSE بہت محدود ہے اس اعتبار سے ہندوستان پاکستان میں بننے والے ریکارڈوں سے یہ ریکارڈ کسی طرح بہتر نہیں۔ SURFACE NOISE بھی کافی ہے اور اسٹیریو SPREAD بھی واجبی ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ آئندہ نیویارک میں بننے والے ریکارڈ کم از کم صدابندی کے اعتبار سے بہتر ہوں گے۔

لیکن ان فنی کمزوریوں سے قطع نظر اس میں کوئی شک نہیں کہ مہدی حسن کی گائیکی نہایت اعلیٰ ہے اور یہی ان ریکارڈوں کا مایہ ناز کارنامہ ہے۔ مہدی حسن کو سنتے ہوئے آپ ایک لطیف سی فضا میں پہنچ جاتے ہیں، زندگی کی کثافتیں دھل جاتی ہیں اور سامعین میں ایک تازہ روح بیدار ہو جاتی ہے۔ کسی بھی فن کی یہی معراج ہے کہ وہ ایک روحانی تجربہ بن جائے اور اس اعتبار سے الفا انٹرنیشنل قابل مبارکباد ہیں کہ انہوں نے اس کا سامان فراہم کر دیا ہے۔

▲▲

ڈاکٹروں کے بیرون ملک جانے پر سخت پابندیاں لگادی جائیں گی

پرانے کارکنوں کو پارٹی کے تمام عہدے اور ملازمتیں ملیں گی

اگلے پروگرام کے تحت صوبہ سندھ کے اہم دیہات کو سڑک سے ملا دیا جائے گا: غلام مصطفیٰ جتوئی

لاڑکانہ ــــــ (اپ پ) سندھ کے وزیر اعلیٰ مسٹر غلام مصطفیٰ جتوئی نے اعلان کیا ہے کہ ڈاکٹروں کو اپنے عوام کی خدمت کرنے اور بیرون ملک جانے پر پابندیاں عائد کرنے کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں گے انہوں نے کہا عوام کی خدمت ڈاکٹروں اور پانڈوں سے کہیں زیادہ قیمتی ... آج صبح پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے اس اجلاس کی صدارت سندھ پیپلز پارٹی کے سربراہ ... نے کی مسٹر جتوئی نے کہا افسوس کا مقام ہے کہ دیہی علاقوں میں ڈسپنسریاں تو قائم کی جا رہی ہیں لیکن ڈاکٹر وہاں جانے کے لئے تیار نہیں ہیں اور وہ ہمیشہ بیرون ملک جانے کے مواقع کی تلاش میں رہتے ہیں انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود حکومت طبی تعلیم پر کروڑوں روپے خرچ کر رہی ہے تاکہ عوام کی خدمت اور علاج معالجے کے لئے زیادہ ڈاکٹر مہیا ہو سکیں انہوں نے کہا اب حکومت کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں کہ وہ ڈاکٹروں کو دیہی علاقوں میں جانے پر مجبور کرے۔ اگر ضرورت ہوئی تو اس سلسلے میں ایک موثر قانون نافذ کیا جائے گا۔ مسٹر جتوئی نے کہا۔ ان ڈاکٹروں کی تربیت پر جو رقم خرچ کی جاتی ہے وہ دراصل ٹیکس ادا کرنے والے عوام کی جیب سے ادا کی جاتی ہے اس لئے یہ عوام کا حق ہے کہ وہ ان ڈاکٹروں کی خدمات حاصل کریں انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ انہیں زیادہ سے زیادہ طبی سہولتیں مہیا کی جائیں گی۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ دل و جان سے عوام کی خدمت کریں اور ان کے مسائل حل کریں۔ حکومت سندھ اس صوبے کے عوام کی ...



ہر شخص مجیب کے خلاف تھا اور اُس سے نفرت کرتا تھا

صورتحال بھارت کے حق میں ہوگئی تھی

سابق صدر خوندکر کے معتمد ساتھیوں کا بیان

لندن ــــــ (اپ پ) ہفت روزہ ... نے اپنی ایک حالیہ اشاعت میں ایک مضمون شائع کیا ہے جس میں سابق صدر خوندکر مشتاق احمد کے معتمد سیاسی ساتھیوں نے تسلیم کیا ہے کہ انہوں نے ۱۹۷۱ء میں حکومت کے خلاف ہنگاموں کے دوران مشرقی پاکستان کے عوام کو دھوکا دیا تھا انہوں نے کہا کہ عوامی لیگ نے جو تحریک چلائی تھی اس کا مقصد ملک کو توڑنا نہیں تھا۔ ... لیکن وہ برتری پر اقتدار چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان حالات میں عام تر صورتحال بھارت کے حق میں چلی گئی اور اس پر قابو پانا ... سے باہر ہو گیا ... ہر شخص شیخ مجیب الرحمان کا مخالف تھا اور اس سے نفرت کرتا تھا لیکن اس کے خلاف کسی کو کچھ کہنے کی جرأت نہ ہوتی تھی ... کو واضح قبول کرنے کے لئے تیار ہیں۔

نزائے وقت کو سرکاری اشتہارات کے اجراء پر پابندی افسوسناک ہے

لاہور ــــــ تحریک استقلال کے سینئر نائب صدر ملک وزیر علی نے ایک اخباری بیان میں اس امر پر افسوس ظاہر کیا ہے کہ روزنامہ نوائے وقت کو سرکاری اشتہارات کے اجراء پر پابندی عائد کر دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ نوائے وقت اور دوسرے کئی اشاعتی اداروں کو مالی پریشانیوں میں مبتلا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ... انہوں نے کہا کہ حکومت ایک طرف آزاد قومی اخبارات اور ان کے مدیروں کے بارے میں ایسا ... رویہ اختیار کر رہی ہے۔ دوسری طرف عام انتخابات کو آزادانہ فضا میں منعقد کرانے کا اعلان کر رہی ہے۔

کینیڈا نے اسرائیل کو ری ایکٹر نہیں دیا

عمان ــــــ (رائٹر) کینیڈا کی حکومت نے اردن کو یقین دلایا ہے کہ اس کی طرف سے اسرائیل کو کوئی ایٹمی ری ایکٹر مہیا نہیں کیا گیا۔

فرخا بند کے مسئلے پر بنگلہ دیش کی حمایت کی جائے: میاں طفیل محمد

بھارت کا حوصلہ بڑھا تو وہ سلال بند کے ذریعے پنجاب کی زرعی معیشت بھی تباہ کر دیگا

لاہور ــــــ (ارشاد ...) امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں طفیل محمد نے کہا ہے کہ اگر آج فرخا بند کے معاملے میں اپنے مشرقی پاکستان بنگلہ دیش کی مدد نہ کی ... بھارت کی جارحانہ پالیسیوں کے آگے ... تو وہ دن دور نہ ہوگا جب بھارت سلال بند بنا کر پنجاب ... گوجرانوالہ، شیخوپورہ، ملتان، بہاولپور، جھنگ اور ساہیوال وغیرہ ... کی زرعی معیشت کو تباہ کر دے گا۔

انہوں نے یہ بات جماعت اسلامی لاہور کے دفتر میں فرخا بند کی تعمیر اور بنگلہ دیش پر بھارتی جارحیت کے خلاف منعقدہ ایک احتجاجی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا عالم اسلام کو بھی بھارت کی اس جارحیت کا نوٹس لینا چاہئے انہوں نے کہا فرخا بند کی تعمیر کے ذریعہ مشرقی پاکستان کو پانی کے حق سے محروم کر دیا گیا ... بنگلہ دیش کے علاقے ... بنگلہ دیش کی معاشیات اور معیشت کو تباہ کر دیا جائے گا انہوں نے کہا بنگلہ دیش حکومت نے تمام دنیا سے مداخلت کی اپیل کی ہے انہوں نے کہا کشمیر کے بارے میں موجودہ حکومت کا ... قبول ہے۔

انہوں نے پیپلز پارٹی کے ... جلسوں میں بانی جماعت اسلامی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی ... انہوں نے کہا کشمیر کے معاملے میں اب تک جماعت اسلامی کی پالیسی سب پر عیاں ہے۔

انہوں نے کہا کہ بعض شخصیتوں نے پاکستان بنایا ... علامہ اقبال ... قائد اعظم ...

کینیڈا ترقی پذیر ممالک کو ایٹمی ٹیکنالوجی فراہم کرنے کے حق میں ہے: ایلن جے میکیچن

نئی دہلی ــــــ (اپ پ) کینیڈا کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ مسٹر ایلن جے میکیچن نے کہا ہے کہ کینیڈا ایٹمی ٹیکنالوجی کے متعلق ... ترقی پذیر ممالک کی ترقی میں ... کے حق میں ہے ... ایٹمی توانائی کا ... استعمال ...

دولت مشترکہ سے نکلنے کے بعد پاکستانی ویزے کے بغیر برطانیہ نہیں آسکتے

برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کی بیوی بچوں کو اپنے پاس بلانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ عدالت کا فیصلہ

لندن ــــــ لندن میں اپیل کی سماعت کرنے والی ایک عدالت نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ جو پاکستانی باشندے ۱۹۷۱ء کے امیگریشن ایکٹ کے نفاذ کے بعد اور پاکستان کے دولت مشترکہ کا رکن ہوتے ہوئے برطانیہ میں داخل ہو چکے ہیں یا اس سے قبل برطانیہ میں مقیم ہیں اب اپنے بیوی بچوں کو برطانیہ نہیں بلا سکتے ... یہ فیصلہ پاکستانی خاتون سلامت بی بی اور ان کے دو بچوں کی اپیل کی سماعت کے بعد کیا گیا ... عدالت نے کہا ہے کہ اس خاتون اور اس کے بچوں کو برطانیہ میں داخل ہونے یا وہاں غیر معینہ مدت کے قیام کا حق حاصل نہیں۔ فیصلے کے مطابق پاکستانیوں کے ساتھ ان ملکوں کے باشندوں جیسا سلوک ہونا چاہئے جو دولت مشترکہ میں شامل نہیں۔ انہیں صرف ویزے پر برطانیہ میں داخل ہونے کی اجازت ہونی چاہئے۔ سلامت بی بی اور ان کے دو بچے داخلے کے سرٹیفکیٹ کے بغیر لندن کے ہوائی اڈے پر پہنچ گئے تھے۔ سلامت بی بی کا شوہر ... ۱۹۶۷ء سے برطانیہ میں آباد ہے ... عدالت نے یہ فیصلہ دیا کہ جب پاکستان دولت مشترکہ سے نکل چکا ہے تو برطانیہ میں مقیم پاکستانی ...

بحر ہند اور خلیج فارس کا تحفظ ساحلی ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہونا چاہیئے

ہم ہمسایہ ممالک سے دوستی کے خواہشمند ہیں: اندرا گاندھی

نئی دہلی ــــــ (رائٹر) ایران کے وزیر اعظم مسٹر امیر عباس ہویدا نے آج یہاں بھارت کی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی سے دو گھنٹے بات چیت کی ... انہوں نے اخباری نمائندوں کو بتایا ... مسٹر ہویدا پانچ روزہ دورے پر گذشتہ روز بھارت پہنچے تھے ... باہمی امور پر تفصیلی بات چیت کی ... گذشتہ شب مسز گاندھی نے مسٹر ہویدا کے اعزاز میں ضیافت دی تھی جس میں خطاب کرتے ہوئے مسٹر ہویدا نے کہا کہ ایران اور بھارت دونوں بحر ہند کو امن کا خطہ بنانے کے حق میں ہیں۔

عام انتخابات کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہو گئیں

پولنگ اسٹیشنوں کی عمارات کا انتخاب ہو رہا ہے

لاہور ــــــ (وقائع نگار) ملک میں عام انتخابات کرانے کی تیاریاں آخری مرحلے میں داخل ہو گئی ہیں اور الیکشن کمشن نے ملک بھر میں الیکشن آفیسروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ صوبائی اور قومی اسمبلی کے حلقوں میں پولنگ اسٹیشنوں کے لئے دستیاب عمارات اور عملے کی فہرستیں اور کرائے ... الیکشن کمشنروں کے دفاتر کو فوری طور پر مہیا کریں ... چیف الیکشن کمشنر ... اعتراضات کی سماعت ... انتخابی حلقوں کے متعلق آخری فیصلہ ...

پاکستان اور بنگلہ دیش ایک اور تجارتی معاہدے کی تفصیلات طے کر رہے ہیں

ڈھاکہ ــــــ پاکستان اور بنگلہ دیش حال ہی میں طے پانے والے تجارت کے عام معاہدے کے بعد ایک اور تجارتی معاہدے کی تفصیلات طے کر رہے ہیں جس میں تجارتی اشیاء ... ادائیگی کے طریقہ کار کا تعین کیا جائے گا۔ یہ معاہدہ تین سال کے لئے ہوگا۔

سردار عبدالقیوم گرفتار کر لئے گئے

مری ــــــ آزاد کشمیر کے سابق صدر سردار عبدالقیوم خان کو جو اب تک اپنے مکان میں نظر بند تھے، گرفتار کر لیا گیا ہے ان کے گھر والوں نے بتایا ہے کہ سنیچر کی رات کو فیڈرل سیکیورٹی فورس انہیں غازی آباد میں اپنے مکان سے نامعلوم مقام پر لے گئی ہے۔

اردو عالمی زبانوں میں تیسرے نمبر پر ہے

کراچی ــــــ ... ایک جائزے کے مطابق ... اردو دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانوں میں تیسرے نمبر پر ہے ... زیادہ بولی جانے والی زبانوں کی ترتیب یوں ہے: چینی، انگریزی، اردو، روسی، عربی، ہسپانوی، پرتگیزی، جاپانی، جرمن اور فرانسیسی۔ دنیا کی تقریباً نصف آبادی انہی دس زبانوں میں اظہار خیال کرتی ہے۔

> **کریسنٹ** میں شائع ہونے والے تمام مضامین، تصویریں اور اشتہارات کے خاکے اور ان کی عبارتوں کے جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انہیں مکمل یا جزوی طور پر نقل کرنے سے پہلے ہماری تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔ (ادارہ)

> **کریسنٹ** کا یہ شمارہ اگر آپ کو مفت ملے تو اس کی سالانہ خریداری قبول فرما کر ہمیں اپنی خدمت کا موقعہ دیجئے۔ یہ اخبار خود بھی پڑھیئے اور اپنے دوستوں کو بھی پڑھنے کے لیئے دیجئے۔ (ادارہ)

> **کریسنٹ** کے سالانہ خریداروں سے گزارش ہے کہ وہ اپنے اخبار پر اگر یاددہانی کی سرخ مہر دیکھیں تو بروقت اپنی ممبر شپ کی تجدید کروائیں۔ تاکہ اخبار بغیر کسی رکاوٹ کے آپ تک پہنچتا رہے۔ شکریہ! (ادارہ)

لاہور میں زبردست طوفان، سات افراد ہلاک، ۵۰ سے زائد زخمی

سینکڑوں مکانات منہدم۔ بجلی، ٹیلیفون اور مواصلات کا نظام درہم برہم ہوگیا۔ مختلف مقامات پر درخت گرنے سے ٹریفک بند ہوگئی

متعدد علاقے کئی گھنٹے تک بجلی اور پانی سے محروم رہے

ضلع ملتان میں آندھی سے سات افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے

لاہور۔ (نمائندہ خصوصی) گزشتہ سات بجے کے قریب زبردست طوفان باد و باراں نے صوبائی دارالحکومت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ ستر میل کی رفتار سے چلنے والی شدید آندھی سے پورے شہر میں بجلی، ٹیلیفون اور مواصلات کا نظام درہم برہم ہوگیا۔ سینکڑوں مکانات منہدم ہوگئے جس کے نتیجے میں سات افراد ہلاک اور ۵۰ سے زائد زخمی ہوگئے...



سیکلوڈ روڈ پر ایک بڑا درخت گرا ہوا ہے۔



بادامی باغ میں ایک کارخانے کی چھت طوفان میں اڑ کر قریبی آبادی پر آن گری۔

روزنامہ عوام کے ایڈیٹر، رپورٹر اور پرنٹر کو گرفتار کرلیا گیا

ملتان۔ (نمائندہ خصوصی) پولیس نے مقامی روزنامہ عوام کے ایڈیٹر ظہیر قریشی، شاف رپورٹر سیف خالد اور پرنٹر پنگ پریس کے مالک شوکت ناز جہاں یہ روزنامہ چھپتا ہے کو گرفتار کرلیا ہے اور ان کے خلاف ڈیفنس آف پاکستان رولز کی دفعہ ۳۲ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ یہ مقدمہ اسسٹنٹ کمشنر ملتان کی رپورٹ پر درج کیا گیا ہے۔ روزنامہ عوام میں گزشتہ دنوں کشمیر کے بارے میں ایک خبر شائع ہوئی تھی جو مبینہ طور پر اشتعال انگیز اور مختلف فرقوں میں منافرت پھیلانے کا موجب بن سکتی تھی۔ یہ گرفتاریاں اسی بنا پر عمل میں لائی گئی ہیں۔ ... پولیس نے متعدد مقامات پر چھاپے مارے لیکن ابھی تک گرفتار نہیں کیا جاسکا۔ اس روزنامہ پر بھی ... کے بارے میں حقائق کے برعکس اشتعال انگیز خبر شائع کرنے کا الزام ہے۔ پولیس نے ... ڈی پی آر کی دفعہ ۳۲ کے تحت گرفتار کرلیا ہے۔

ایٹمی تجربات ختم کرنے کے باوجود بھارت کی غذائی امداد جاری رہے گی: کینیڈا کا اعلان

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کیلئے پاک بھارت مفاہمت بہت ضروری ہے

امریکہ کی طرف سے اسلام آباد معاہدے کا خیر مقدم

واشنگٹن: (اپ) امریکی وزارت خارجہ نے پاکستان اور بھارت میں سفارتی تعلقات کی بحالی کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ...

کیا اپوزیشن مسٹر بھٹو کی زیر قیادت "قومی حکومت" میں شامل ہوجائے گی؟

(میاں محمد شفیع)

نئے عالمی اقتصادی نظام کی حمایت کی جائے گی

افرادی قوت کی ضروریات برادر اسلامی ملکوں سے پوری کی جائیں گی

مسلم وزرائے خارجہ کی کانفرنس کے اختتام پر مشترکہ اعلان

استنبول:- (اپ) اسلامی ممالک نے باہمی اقتصادی تعاون کو مستحکم بنانے اور فروغ دینے کا عہد کیا ہے۔ ...

پاکستان اور چین کی دوستی میں کسی کو حائل نہیں ہونے دیا جائے گا: وزیراعظم

کاشغر (ہزارہ) ـــــ (اے پی پی) وزیراعظم بھٹو نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی میں کسی کو حائل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وہ آج شاہراہ قراقرم کی تعمیر میں مصروف چینیوں سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ پاکستان اور چین کی دوستی مضبوط سے مضبوط تر ہوتی چلی جائے گی۔ انہوں نے کہا شاہراہ قراقرم کی تعمیر نہ صرف اقتصادی اور سیاسی لحاظ سے ضروری ہے بلکہ شمالی علاقوں کی ترقی تجارت اور اقتصادی استحکام کے لئے بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے مجوزہ دورۂ چین کے دوران چینی رہنماؤں کو بتائیں گے کہ مشکل حالات میں چینیوں نے اس سڑک کی جو تعمیر کی ہے اسے پاکستان احسان کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کی بڑی قدر کرتا ہے۔ سڑک کی تعمیر کے دوران جان دینے والوں کو وزیراعظم نے خراج عقیدت پیش کیا۔

ایٹمی تعاون منسوخ کرنے کے بارے میں کینیڈا کا فیصلہ افسوسناک ہے

ایٹمی دھماکے جاری رہیں گے: بھارتی وزیر خارجہ چاون

نئی دہلی ـــــ (اے پی پی) بھارت نے کینیڈا کی جانب سے ایٹمی امداد بحال کرنے سے انکار پر سخت ناراضگی اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور ساتھ ہی اعلان کیا ہے کہ ایٹمی دھماکے جاری رہیں گے۔ وزیر خارجہ وائی بی چاون نے آج پارلیمنٹ کو بتایا کہ بھارت کے نزدیک کینیڈا بھارت کے ساتھ کئے گئے معاہدے کے تحت ایٹمی ٹیکنالوجی اور امداد بحال کرنے کا پابند ہے۔ حکومت کینیڈا کے فیصلے کے تحت مختلف اثرات کا جائزہ لے رہی ہے جس کے بعد مناسب اقدام کیا جائے گا۔ بیان میں مسٹر چاون نے ذکر کیا کہ کینیڈا کے وزیر خارجہ مسٹر ایلن جے مکیچن کو پارلیمنٹ کو بتایا تھا کہ بھارت نے یہ یقین دہانی کرانے سے انکار کر دیا ہے کہ وہ کینیڈا کی جانب سے فراہم کردہ سامان اور ٹیکنالوجی کو جوہری ہتھیاروں کے لئے استعمال نہیں کرے گا۔ بھارت کو امداد بحال کرنے کے فیصلے سے قبل کینیڈا کے وفد نے چار مرتبہ بھارت سے مذاکرات کئے تھے۔ اس وقت عام طور پر خیال تھا کہ دونوں ملکوں میں سمجھوتہ ہو گیا ہے تاہم اس ضمن میں کوئی اعلان نہیں کیا گیا تھا۔ کینیڈا کے ذرائع کا کہنا ہے کہ ان کی حکومت بھارت کی جانب سے ایٹمی دھماکوں کے بارے میں یقین دہانی نہ کرانے کی تجویز سے مطمئن نہیں ہے۔

کینیڈا نے انکار کر دیا ہے۔ امریکی دولت مشترکہ ممالک کے سائنسی اداروں کا کہنا ہے کہ بھارت کے پاس اب اتنی ٹیکنالوجی موجود ہے کہ وہ اپنے ایٹمی پروگرام پر عمل درآمد کر سکے۔ تاہم کینیڈا کا حالیہ اقدام اس سلسلے میں قدرے تاخیر کا باعث بن سکتا ہے۔ وزیر خارجہ چاون نے پارلیمنٹ میں کہا کہ بھارت کو کینیڈا کے اس فیصلے پر سخت افسوس ہے کیونکہ اس نے اس معاہدے کو جو اس کے نمائندوں نے خود طے کیا تھا یکطرفہ طور پر منسوخ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا اس بات سے سخت افسوس ہوا ہے کہ دو سال کے مذاکرات کے بعد محض الزام تراشی کی بنیاد پر کینیڈا کی حکومت نے ایٹمی تعاون کے خاتمے کا یکطرفہ فیصلہ کر دیا۔ انہوں نے کہا بھارت کو ایٹمی دھماکے کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔

امریکی سینیٹ میں ایٹمی پلانٹ حاصل کرنے والے ممالک کی امداد روکنے کی تجویز

تجویز کی منظوری کی صورت میں پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہوگا

واشنگٹن ـــــ امریکی سینیٹ کی تعلقات خارجہ کمیٹی نے گزشتہ روز بالکل غیر متوقع طور پر ایسے ملک کیلئے امریکی فوجی اور اقتصادی امداد روک دینے کے حق میں ووٹ دیا جو ایٹمی ایندھن کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے ذرائع یا پلانٹ خرید یا فروخت کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ آج کل پاکستان فرانس سے اس نوعیت کے پلانٹ خریدنے کے معاہدے کر چکا ہے۔ اس طرح تعلقات خارجہ کی کمیٹی نے غیر ملکی امداد کے مسودہ قانون میں ترمیم کی جو منظوری کی صورت میں پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہو سکتا ہے جس کی دفاعی ضروریات کا زیادہ تر انحصار امریکہ پر ہے۔ انٹرنیشنل ہیرالڈ ٹریبیون کے نامہ نگار کی اطلاع کے مطابق ڈیموکریٹک سینیٹر سٹوارٹ سمنگٹن نے جنہوں نے مسودہ قانون میں ترمیم پیش کی تھی بتایا کہ اس کے سلسلے میں جرمنی اور برازیل کے باہمی سمجھوتے کو اس عالم کے حق میں خطرناک قرار دیتے ہوئے امریکی کانگریس سے ایٹمی پلانٹوں کی برآمد روکنے کا مطالبہ کیا۔

غیر ملکی فوجی امداد کے بارے میں ترمیم کی تحریک سینیٹر سمنگٹن نے پیش کی اور کسی نے اس کی مخالفت نہیں کی۔ اس کی منظوری کے امکانات روشن ہیں۔



سابق وزیر خزانہ محمد شعیب واشنگٹن میں انتقال کر گئے

کراچی ـــــ (اے پی پی) مسٹر محمد شعیب سابق وزیر خزانہ و سابق وائس پریذیڈنٹ ورلڈ بنک آج صبح واشنگٹن میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر ۷۱ برس تھی۔ مرحوم نے اپنے پیچھے دو بیٹیاں اور چار بیٹے چھوڑے ہیں۔ مرحوم محمد شعیب، محمد ایوب خان سابق صدر کی حکومت میں وزیر خزانہ تھے۔

محمد شعیب ۱۹۶۶ء تک ایوب کابینہ میں وزیر خزانہ رہے اور اس کے بعد انہیں عالمی بنک کا سینیئر نائب صدر مقرر کر دیا گیا۔

جناب محمد شعیب کی خبر ان کی صاحبزادی مسز نسیم قریشی کو آج واشنگٹن سے موصول ہوئی۔ شعیب مرحوم کے بچوں میں سے صرف ان کی بیٹی کراچی میں باقی تمام بچے ملک سے باہر ہیں۔ بڑے عہدوں پر فائز ہیں۔ بڑا لڑکا اقبال لندن کی ایک بہت بڑی تجارتی فرم میں ایگزیکٹو کے عہدے پر فائز ہیں۔ دوسرے بیٹے کمال لندن کے ایک بنک میں اعلیٰ افسر ہیں۔ ... میں چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں۔ طارق بھی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور لندن میں ہیں۔ ان کی ایک بیٹی ڈاکٹر عظمیٰ صدیقی نیویارک میں ہیں۔

اندرا گاندھی کے دورۂ روس کے پروگرام کا سرکاری اعلان

نئی دہلی ـــــ (اے پی پی) آج سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ بھارت کی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی ۸ جون سے روس کا سرکاری دورہ شروع کریں گی۔ اعلان میں یہ نہیں بتایا گیا کہ مسز گاندھی کتنے عرصے تک ملک سے باہر رہیں گی۔ دیگر ذرائع میں ہنگامی حالات کے نفاذ کے بعد یہ پہلا غیر ملکی دورہ ہوگا جس پر جا رہی ہیں۔ باخبر حلقوں کے مطابق مسز گاندھی روس میں پانچ یوم قیام کریں گی۔ ان کے صاحبزادے سنجے گاندھی بھی ان کے ہمراہ ہوں گے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ وہ حکومت روس کو یہ باور کرانے کی کوشش کریں گی کہ چین سے بھارت کے تعلقات معمول پر آنے کے باوجود بھارت روس کی دوستی برقرار رہے گی۔ مسز گاندھی آخری بار ۱۹۷۱ء میں روس گئی تھیں جب روس نے بھارت کے ساتھ دوستی کا معاہدہ کیا تھا۔

حکومت دوسری شادی پر پابندی لگادے گی ، قانون بنایا جارہا ہے

خواتین اپنے حقوق کے لیے تحریک چلائیں ، کوثر نیازی

بڑھ چڑھ کر جہیز دینے کے خلاف بھی مہم چلانے کی اپیل

پاکستان ایٹمی توانائی کے پروگرام کو کامیاب بنانے کا عزم کرچکا ہے : منیر احمد


سال رواں کے آخر میں چشمہ میں ایٹمی بجلی گھر قائم ہو جائے گا



سابق گورنر کھر کے بھائی غلام مرتضیٰ کھر پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے

انتہا پسند یہودی مانٹریال کے اولمپک مقابلوں میں گڑبڑ پیدا کرینگے ؟

یہودی قوم پرستوں نے افتتاحی تقریب کے لیے بے شمار ٹکٹ خرید لیے




غریب ممالک سے ایک کروڑ پاکستانی باشندے بیرونی ملکوں میں ملازم ہیں

ہنرمندوں کی متعلقہ ملکوں میں واپسی سے سنگین مسائل پیدا ہو جائیں گے

مانٹریال اولمپکس میں ہاکی کے اعزاز کے لیے پاکستان ، بھارت اور مغربی جرمنی کے مابین سخت مقابلہ ہوگا

قومی ٹیم کا انتخاب یکم جون کو عمل میں آجائے گا : عاطف



وزیر اعظم اولمپک کھیلوں کی ٹیم کی تیاری میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں



پاک بھارت معاہدہ فریقین کے لیے موجب اطمینان ہے : دہشت

ڈیفنس رولز کے تحت مقدمہ درج کرنے سے قبل وزیر اعظم کو آگاہ کیا جاتا ہے

سپریم کورٹ کے فل بنچ کے روبرو ظہور الٰہی کیس میں اٹارنی جنرل کا بیان

بنگلہ دیش کے عوام کسی دھمکی سے مرعوب نہیں ہوں گے ہم ملک کی آزادی، سالمیت اور چپے چپے کی حفاظت کریں گے
بھارت گنگا کا پانی روک کر بنگلہ دیش کی معیشت کو تباہ کرنے سے باز آجائے۔ مولانا بھاشانی کا انتباہ

برصغیر کی تاریخ کا سب سے بڑا احتجاجی مارچ کامیابی کے ساتھ ختم ہوگیا
مارچ میں پانچ لاکھ افراد نے حصہ لیا

اریٹیریا میں مسلمانوں کے قتل عام کے لیے ایتھوپیا نے چار ہزار کسانوں کو فوجی بھرتی کر لیا

مجھے ڈیفنس رولز اور تحفظ امن عامہ کے قانون کا علم نہیں ہے

اوپر سے ہدایات ملنے پر میں نے رامے کے خلاف مقدمہ درج کر لیا
مجھے یہ بھی معلوم نہیں کہ تقریر کے جو حصے مجھے بھیجے گئے وہ رامے کی تقریر میں شامل تھے یا نہیں
خصوصی ٹریبونل میں حنیف رامے کیس کی سماعت کے دوران لائلپور کے پولیس افسر کا بیان

آئندہ اولمپک کھیلوں میں پاکستان کے اٹھ ٹیمیں مختلف کھلاڑی حصہ لیں گے

استنبول کی مسجد سلطان احمد میں نماز جمعہ کا اجتماع
دو ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی

مقبوضہ عرب علاقوں میں کشیدگی انتہا کو پہنچ گئی اسرائیلی فوج نے ایک اور نوجوان کو گولی مار کر شہید کر دیا

نابلس کی شہید طالبہ کے جنازے کے جلوس اور اسرائیلی فوج میں تصادم
سو سے زائد عرب باشندے گرفتار کیے جا چکے ہیں، لندن میں زبردست احتجاجی مظاہرہ

لندن میں احتجاجی مظاہرہ

یہودی بستیوں کی تعمیر پر امریکی سینیٹ میں نکتہ چینی

خلیج فارس کے علاقے میں قدرتی گیس کا بہت بڑا ذخیرہ دریافت ہوا ہے۔ بی بی سی

تہران۔ (بی بی سی) خلیج فارس کے علاقے میں قدرتی گیس کا ایک بہت بڑا ذخیرہ دریافت ہوا ہے اس گیس کی تلاش کے لیے جاپان، امریکہ، ناروے اور ایران کی کمپنیاں مشترکہ طور پر سروے کر رہی تھیں ...

سنڈر لینڈ
کریسنٹ
سوویٹ لینڈ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

سن رکھو جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔ (سورۃ یونس)

کچھ جماعت اسلامی والوں سے

یکم اور دو مئی کو جماعت اسلامی کے مرکزی صدر مقام منصورہ میں وکلاء کا ایک کنونشن ہوا تھا جس کا موضوع "پاکستان میں اسلامی قانون کے نفاذ کے لیے عملی تجاویز مرتب کرنا تھا؛ اس دو روزہ کنونشن کی متعدد نشستوں میں جماعت کے حلقۂ اثر سے باہر کے بعض ممتاز وکلاء اور دوسرے سیاسی مکاتیبِ فکر سے تعلق رکھنے والے کئی سرکردہ وکلاء نے بھی اظہارِ خیال کیا تھا۔ ان میں سپریم کورٹ کے ایک سابق جسٹس جناب بی زیڈ کیکاؤس، ایک ریٹائرڈ چیف جسٹس جناب بشیرالدین خان، مسٹر اے کے بروہی، ایم خالد ملک، مسٹر ایم انور، مسٹر ایس ایم ظفر اور لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے ایک سابق سیکرٹری راؤ عبدالرحیم بھی شامل تھے۔ اس کنونشن میں اسلامی قانون کے نفاذ کے سلسلہ میں چار پانچ قراردادیں بھی منظور کی گئی تھیں، جن میں عدلیہ کی انتظامیہ سے فوری علیحدگی، آزاد عدلیہ کے اہتمام، ہنگامی حالات میں غیر معین توسیع اور بعض بنیادی حقوق کی معطلی کے سلسلہ میں تیسری اور چوتھی آئینی ترامیم کی تنسیخ اور قرآن و سنت کے مطابق قانون بنانے اور نافذ کرنے پر زور دیا گیا تھا۔

یہ ساری کارروائی اپنی جگہ اہم اور مفید تھی، بلکہ ایک اچھی عملی کوشش کے اعتبار سے قابلِ تعریف بھی تھی، لیکن کنونشن کے پہلے دن کی آخری نشست میں بانیٔ جماعت مولانا مودودی نے اپنے خطاب میں جو کچھ کہا، اس کے بعض حصے جہاں سبق بر حقیقت اور دعوتِ فکر کے حامل تھے، وہاں انہوں نے بانیانِ پاکستان کے بارے میں بعض ایسی باتیں اور ایسی زبان میں بھی کہہ دیں، جن سے یہ تاثر پیدا ہوگیا کہ مولانا مودودی کے خیال میں وہ پاکستان میں اسلامی قانون کے نفاذ کے سلسلہ میں مخلص ہی نہیں تھے۔ یہ تاثر اتنا شدید اور شدید تھا کہ کنونشن کے دوسرے دن کی کارروائی کے عین آغاز میں جماعت اسلامی کے موجودہ امیر میاں طفیل محمد کو یہ وضاحت کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی کہ اس کنونشن کی مجلس عاملہ اور متن جیسی باتیں صرف وہی ہیں جو قراردادوں کی صورت میں منظور کی گئی ہیں۔ باقی جو مقالے یہاں پڑھے گئے ہیں اور تقاریر کی گئی ہیں، وہ متعلقہ حضرات کی اپنی آرا اور تاریخ فکر کے آئینہ دار ہیں اور انہیں کنونشن کی رائے یا متفقہ نظر قرار دینا درست نہیں ہوگا لیکن میاں طفیل محمد کی اس وضاحت سے بھی مولانا مودودی کے خطاب سے پیدا ہونے والا ناگوار تاثر دور نہ ہوا اور اس کنونشن کے چودہ روز بعد جماعت اسلامی لاہور کے زیرِ اہتمام فرخ آباد کے مسئلہ پر بھارت کے رویہ کی مذمت اور بنگلہ دیش کی اخلاقی حمایت کے سلسلہ میں جو اجلاس ہوا اس میں بھی جہاں میاں طفیل محمد نے جماعت اسلامی پر وزیراعظم کی دشمنی اور ہٹ دھرمی کے حالیہ دورہ میں نکتہ چینی کا جواب دیا وہاں مولانا مودودی کی صفائی پیش کرنے کے جوش میں دعویٰ کے انداز میں یہ بھی کہہ دیا کہ پاکستان تین شخصیتوں نے بنایا ہے۔ علامہ اقبالؒ نے جنہوں نے الگ مملکت کا تصور دیا۔ مولانا مودودی نے جنہوں نے نظریہ دیا اور حضرت قائداعظمؒ نے جنہوں نے پہلے دونوں حضرات کی سوچ کو عملی شکل دی اور ان کے نظریہ و تصور کی بنیاد پر پاکستان حاصل کیا؟

اپنی کارکردگی کے سلسلہ میں کوئی دعویٰ کرنے اور کسی دوسرے پر اعتراض کرنے یا الزام عائد کرنے کے رجحان کو ہماری سیاست میں معمول بلکہ مشغلہ کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔ مولانا مودودی ایک بلند مقام علمی اور دینی شخصیت ہیں اور انہوں نے اسلامی تعلیمات کو عصری تقاضوں کے مطابق پیش کرنے کے سلسلہ میں جو ٹھوس اور دقیع کام کیا ہے۔ ان کی سیاست سے اتفاق نہ کرنے والے انصاف پسند حلقے بھی اس کا اعتراف کرتے ہیں لیکن وکلاء کی کنونشن میں انہوں نے بالتفصیل تقریر جس انداز میں تمام بانیانِ پاکستان کو اس پاک سرزمین میں اسلامی قانون نافذ کرنے کے سلسلہ میں غیر مخلص قرار دے دیا تھا، وہ ایک بڑی نامناسب اور خلافِ حقیقت بات اور کھلی زیادتی تھی۔ پاکستان اسلام کے نام پر اور اسلامی تعلیمات کے نفاذ کے لئے قائم کیا گیا تھا اور اس معاملہ میں تاخیر اور انحراف کے جو بھی اسباب اور محرکات ہیں وہ اہلِ علم سے ڈھکے چھپے نہیں۔ لیکن اس سلسلہ میں سب بانیانِ پاکستان کو ذمہ دار اور قصوروار ٹھہرانا ہرگز قرینِ حقیقت و انصاف نہیں ہے۔ اس کا بھرپور ثبوت جماعت اسلامی کے اہلِ قلم کی ان نگارشات سے پیش کیا جا سکتا ہے، جو پاکستان میں نظامِ اسلامی کے قیام کے سلسلہ میں سب سے زیادہ حوالے تحریکِ پاکستان کے زمانہ اور پھر قیامِ پاکستان کے بعد قائداعظمؒ اور مسلم لیگ کے دوسرے اکابر کے خطبات، بیانات، پیغامات وغیرہ سے دیتے رہتے ہیں۔

پاکستان میں اسلامی نظام کا عملاً قائم نہ ہونا اور اسلامی قانون کے نفاذ کا خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہونا اپنی جگہ ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ یہ بدرجہ آخر اور بہ حیثیت مجموعی جماعت اسلامی سمیت اہلِ پاکستان کی بہت بڑی مجموعی کوتاہی بلکہ بدقسمتی ہے۔ لیکن اس کی ساری ذمہ داری بانیانِ پاکستان پر عاید کرنا بھی صریحاً زیادتی ہے۔ ان کی نیک نیتی اور اخلاص کا اس سے بڑا اور اظہر من الشمس ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے عزم و ہمت اور سعی و جہد کی قدر افزائی فرمائی، اور اس زمانہ میں دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت کے قیام کا منفرد اور لازوال شرف انہیں عطا فرمایا۔ ان کی اس عظیم و جلیل خدمت کا اعتراف کرنے میں کسی بھی وجہ سے یا انداز میں بخل سے کام لینا یا قیامِ پاکستان کے بعد کی حیثیت مجموعی کوتاہیوں اور فروگذاشتوں کو بھی ان کی جھولی میں ڈال دینا اور ان کے اصل کارنامے کے استخفاف کے لئے استعمال کرنا کسی اعتبار سے بھی درست اور قابلِ تعریف نہیں ہے۔

تاریخ کا سفر جاری رہتا ہے، اور ماضی کے واقعات بھی حال پر اثر انداز ہو کر افراد کی طرح قوموں کے بھی مستقبل کے رُخ رفتار کا تعین کرتے ہیں، لیکن جو واقعات ماضی کے دامن پر نقش ہو جاتے ہیں، وہ تاریخ کے بھی مستقل اور ناقابلِ تنسیخ حصے اور غیر متبدل اور ناقابلِ تردید حقائق بن جاتے ہیں۔ ان واقعات میں (مخالف یا موافق) حصہ لینے والوں کے بعد میں خیالات تبدیل ہو سکتے ہیں، جو ان کے ماضی کے خیالات سے بہت مختلف بلکہ یکسر برعکس بھی ہو سکتے ہیں۔ کوئی ہوشمند اور باشعور انسان ساری عمر ایک جگہ کھڑا نہیں رہتا، اور وقت بدلنے کے اثرات سے محفوظ رہنے کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ لیکن ماضی کے حقائق بہرحال بدلے نہیں ہوتے کہ جب تک صاف نظر آئیں۔ یا وہ اعتراض بننے کے باعث پسند نہ رہیں، تو انہیں بے دریغ اتار کر نیا صاف ستھرا اجلا سا چولا پہنا جا سکتا ہے۔ کوئی بھی شخص انسان ... عالم ہو یا عالی مرتبہ کچھ نہ کچھ

نہیں ہوتا یہ منفرد شرف و سعادت صرف اللہ تعالیٰ کے منتخب و مامور انبیاء کرامؑ کی عالی نسبی کا حصہ ہے چنانچہ عام قاعدہ اور معمول یہ ہے کہ بزرگوں اور قابلِ احترام شخصیتوں کی بشری خطاؤں اور فکری لغزشوں کا عیب جوئی کے انداز میں ذکر نہیں کیا جاتا، بلکہ اُن کی خوبیوں اور خدمات کو ہی اُجاگر کیا جاتا ہے تاکہ دوسرے لوگوں کو بھی ان کی اچھی مثال سے متاثر ہو کر نیکی کی راہ پر چلنے اور اچھے کام کرنے کی تحریک ہو۔ لیکن جماعت اسلامی کا المیہ یہ ہے کہ اس کے رہنما اور ترجمان نہ صرف مولانا مودودی کی ہر بات کو حرفِ آخر کہتے ہیں چنانچہ انہوں نے ان کی ذات اور نگارشات پر ہر نوعیت کے اعتراض اور نکتہ چینی کا نہ صرف جواب دینا بلکہ اسے غلط ثابت کرنا اپنے لیے لازمی ٹھہرا لیا ہے، اب ظاہر ہے کہ الزام کی صفائی پیش کرنے میں صحیح اعتراض کو درست تسلیم کرنے کی ہمت اور توفیق بہت ہی کم لوگوں میں ہوتی ہے (یہ صرف اولیاء اللہ کا وصف ہے کہ اُن کی نظر اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں پر بھی پڑتی ہے) بلکہ اعتراض پر تاویل کا پردہ ڈالنے اور حقیقت و اصلیت سے بھی آگے بڑھ کر اپنی صفائی میں دعوے کیے جاتے ہیں۔

جماعت اسلامی کے قیام سے پہلے مولانا مودودی نے دو قومی نظریہ کی حمایت کے سلسلہ میں جو کچھ لکھا تھا صرف متعصب اور تنگ نظر لوگ ہی اس سے انکار کر سکتے ہیں لیکن اس کے بعد خاص طور پر قراردادِ پاکستان کی منظوری کے ایک سال بعد ہی ۱۹۴۱ میں جماعت کے قیام کے بعد تحریکِ پاکستان کے زمانہ میں انہوں نے جو خیالات ظاہر کئے، انہیں آپ ایک نقطۂ نظر اور اپنی سمجھ کے مطابق بلا تو کہہ سکتے ہیں اسے تحریکِ پاکستان کی حمایت کا حصہ قرار نہیں دے سکتے۔ یہی صورت جہادِ آزادیٔ کشمیر کے سلسلہ میں مولانا مودودی کی رائے کی ہے۔ ان کی اس رائے کو کوئی بطور رائے استعمال کرے یا بطور فتویٰ لیکن محض اس وجہ سے ان کی اس رائے کی نوعیت اور حقیقت تو تبدیل یا ختم نہیں ہو جاتی اور نہ صفائی پیش کرنے یا جوابی الزام عاید کرنے سے کوئی مثبت نتیجہ نکلا ہے۔

قائداعظمؒ نے جب تحریکِ پاکستان کا پرچم اٹھایا تھا، تو بعض کوتاہ نظر معترضین نے یہ بھی کہا کہ آپ خود بھی بہت عرصہ تک کانگرس میں رہے ہیں، بلکہ ہندو مسلم اتحاد کے بھی بہت بڑے پیغامبر تھے۔ لیکن قائداعظمؒ اس اعتراض پر برافروختہ نہیں ہوئے تھے۔ اور نہ ہی انھوں نے انکار یا وضاحت کے لئے دلائل کے انبار لگانے میں وقت ضائع کیا تھا۔ انھوں نے اس اعتراض کا صرف یہ آٹھ حرفی جواب کافی سمجھا تھا۔ "ہاں میں کبھی پرائمری جماعت میں بھی تھا۔" علامہ اقبالؒ کو اللہ تعالیٰ نے شاعرِ اسلام اور مفکرِ پاکستان بلکہ حکیم الامت بننے کا شرف عطا فرمایا ہے۔ ایک زمانہ میں انھوں نے قوم پرستانہ ترانے بھی لکھے تھے۔ لیکن نہ انھوں نے اپنے اس کام سے کبھی انکار کیا، اور نہ اُن کے قدردان ایک دور میں اس اندازِ فکر کی وجہ سے اُن کی عظمت یا شاعرِ اسلام ہونے سے انکار کرتے ہیں۔ جماعت اسلامی عمر کے اعتبار سے اس ملک میں مسلم لیگ کے بعد دوسری سب سے زیادہ پرانی جماعت ہے اسے قائم ہوئے ۳۵ سال ہو گئے ہیں۔ اور اگر اُسے قومی سیاست میں کوئی مثبت حصہ لینا ہے، تو پھر اس کے رہنماؤں اور ترجمانوں کو بھی سیاسی مدبرین کی سی وسیع نظری اور حوصلہ مندی سے کام لینے کی ضرورت ہے۔ اسلئے نظری اپنی سیاست کے سلسلہ میں اور حوصلہ مندی اپنے ماضی پر اعتراضات کے ضمن میں۔ پاکستان بنانے والے صرف دو اشخاص ہیں۔ ایک اقبالؒ اور دوسرے قائداعظمؒ۔

معذرت نامہ روزنامہ نوائے وقت

نور بصیرت
اُولی الالباب
سلیم عبدالرشید

۱۔ سورۃ الرعد میں اُولی الالباب (عقلمندوں) کی چند صفات بیان فرمائیں:

۱۔ وہ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کئے گئے عہد کو پورا کرتے ہیں اور میثاق کو توڑتے نہیں۔

۲۔ اور ان (رشتوں) کو جوڑے رکھتے ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے جوڑے رکھنے کا حکم دیا ہے (رحم کے قریبی رشتے)

۳۔ اور اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں۔

۴۔ اور حساب (کتاب) کی برائی کا خوف رکھتے ہیں۔

۵۔ نیز وہ جو اپنے رب کی خوشنودی کے لئے (دوسروں کی زیادتیوں پر) صبر کرتے ہیں۔

۶۔ اور صلوٰۃ قائم رکھتے ہیں۔

۷۔ اور ہم نے انہیں جو رزق دے رکھا ہے، اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں۔

۸۔ اور برائی کا مقابلہ نیکی سے کرتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے عاقبت کا گھر ہے — ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں جن میں وہ اور ان کے آباؤ اور ازواج اور اولاد میں سے نیک لوگ داخل ہوں گے۔ نیز رحمت کے ہر دروازے سے ان پر ملائکہ یہ کہتے ہوئے داخل ہوں گے،

تم پر سلام، بسبب اس کے جو تم نے (دنیا میں) صبر کیا۔ پس کیا اچھا ہے یہ عاقبت کا گھر!

(الرعد آیات ۲۰ تا ۲۴)

یہ قائداعظمؒ کا مسلک ہے
اتحاد - ایمان - نظم و ضبط
قائداعظمؒ نے فرمایا

قومی زندگی کلی طور پر رہبرِ ملت کی حالت و کیفیت کی آئینہ دار ہوتی ہے اور تحریکِ پاکستان میں قائداعظمؒ نے مسلمانوں کو بار بار "اتحاد، تنظیم اور یقینِ محکم" کی جو تلقین فرمائی تھی، اس کا منتہا ملت کا استحکام تھا، لیکن دیکھا گیا کہ مظاہرِ ربط باہم اکثر انفرادی احساس و شعور اور خود اعتمادی و جرأت کا مرہونِ منت ہوتا ہے۔ اور حضرت قائداعظمؒ نے جب "ہر فرد کو ملت کے مقدر کا ستارہ" قرار دیا تھا، تو اس سے مراد یہی تھی کہ ہر شخص کو اپنی حد اور استطاعت تک اپنا فرض ادا کرنا چاہیئے۔ تحریکِ پاکستان کی طرح قیامِ پاکستان کے

انفرادی فرض کا احساس

بعد بھی قائداعظمؒ اتحاد، تنظیم اور یقینِ محکم پر زور دیتے رہے۔ لیکن ربطِ ملت کی اس بنیاد کو مستحکم بنانے کے لئے انہوں نے ہر فرد پر بھی زور دیا کہ وہ اپنے فرض کا احساس کرے اور اپنی فکر و عادت میں ایسی ایمانی حرارت سے ادا کرے۔ اس سلسلہ میں قائداعظمؒ کے چند ارشادات ملاحظہ ہوں:۔

•• اپنا فرض بجا لاتے رہو اور خدا پر بھروسہ رکھو۔ دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو ختم نہیں کر سکتی۔ یہ قائم رہنے کے لئے بنا ہے۔ ہمارے اقدامات اور کارنامے دنیا پر ثابت کر رہے ہیں کہ ہم سچائی پر ہیں اور یہ آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ دنیا کے ہمسایہ۔ انصاف پسند، اسلامی ممالک کی ہمدردیاں آپ کے ساتھ ہیں۔ ہم بھی ہر ایک قوم کے مضبوط ہیں، ہم نے اعادہ۔



قیادت اور مدبر کا ہاتھ ملک کے عوام کو حوصلہ بخشا
جلسہ عام لاہور — ۳۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء

•• اپنے اور تعمیرِ پاکستان کی شکست اور شکن سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔ تاریخ میں ایسے کئی کئی مثالیں موجود ہیں جنہوں نے ملک کی قوت ابھاری اور بلند کردار سے خود کو بنایا اور عظیم کیا۔ آپ

کا خمیر فولادی قوتوں سے اٹھا ہے اور ہمت کے حوالے سے دنیا میں کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ پھر آخر آپ دوسروں کی طرح کامیاب کیوں نہیں ہو سکتے؟ خاص طور پر اپنے آباؤ اجداد کی طرح کی کامیابی۔ آپ کو اپنی ذات میں فقط "مجاہدانہ" کے سے سپرٹ پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ ایسی قوم ہیں جس کی تاریخ حیرت انگیز حد تک بلند کردار، بلند حوصلہ، شجاعت اور اولوالعزم ہستیوں سے بھری پڑی ہے اپنی روایات کے تحت مضبوطی سے قائم رہیئے اور اپنے کردار میں ایک نئی عظمت و شوکت کی ایک اور باب کا اضافہ کیجئے۔

جلسہ عام، لاہور — ۳۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء

•• ہم مستقل مزاجی، انتھک محنت اور جذبۂ ایثار سے پاکستان کو انشاءاللہ ایک عظیم اور مستحکم قوم بنا دیں گے۔ پاکستان قائم رہنے کے لئے بنا ہے اور زمین پر کوئی طاقت اسے بنیادوں سے جڑ سے تباہ کر سکے۔

امریکی نامہ نگار سے انٹرویو، فروری ۱۹۴۸ء

کرسینٹ

جلد نمبر ۵ شمارہ ۶

آرسی ڈی میں شمولیت کی تجویز پر غور کیا جائے گا : اندرا گاندھی

پاکستان کو ایٹمی ٹیکنالوجی فراہم ہونے پر بھارتی وزیراعظم کی طرف سے مخالفت

روسی بحریہ بھارتی علاقے میں موجود ہے

پاکستان اور بھارت کے تعلقات معمول پر لانے کے لیے مذاکرات مکمل ہو گئے

سفارتی تعلقات اور فضائی رابطوں کی بحالی

دونوں ملک شہری ہوابازی کی عالمی تنظیم سے اپنے دعوے واپس لیں گے

جہازرانی کے ماہرین کا جلد اجلاس بلایا جائے گا

ایک دوسرے کے ہاں رُکے ہوئے لوگوں کا مسئلہ جلد حل کیا جائے گا


بات چیت کے خاتمے کے بعد مشترکہ بیان جاری کر دیا گیا

جہاز رانی

ویزے

وفد کا تبادلہ

انسانی ہمدردی کا مسئلہ



چین میں حکومت کی تبدیلی کے بعد پیکنگ کا دورہ ضروری ہو گیا تھا

عوامی جمہوریہ کوریا کے ساتھ تعلقات مزید مستحکم ہو جائیں گے

ہانگ کانگ میں پاکستانیوں کے اجتماع سے خطاب

وزیر اعظم بھٹو جون کے تیسرے ہفتے میں کابل جائیں گے